پاک فوج میں بحیثیت جونیئر کمیشنڈ آفیسر (نائب خطیب) اور سپاہی کی بھرتی

پاکستان کی بری فوج میں شامل ہو کر ملک و قوم کی خدمت کا فریضہ سرانجام دیں

پاکستان آرمی میں جونیئر کمیشنڈ آفیسر (نائب خطیب) اور سپاہی کی بھرتی کے لیے مطلوبہ قابلیت کے حامل حضرات سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

اہلیت

پاکستان اور آزاد کشمیر، گلگت بلتستان کے شہری۔

عمر و قد

جونیئر کمیشنڈ آفیسرز (نائب خطیب)

☆ عمر یکم اپریل 2021 کو 20 سال سے کم اور 28 سال سے زیادہ نہ ہو اور قد کم از کم 5 فٹ اور 3 انچ ہو۔

☆ وہ امیدوار جو پہلے سے فوج میں سروس کر رہے ہیں ان کے لیے عمر کی حد 22 سے 35 سال اور سروس 1 سال سے کم اور 16 سال سے زیادہ نہ ہو۔

سپاہی

☆ یکم اپریل 2021 کو 1/2 17 سال سے 23 سال (گریجویٹ پاس سے زیادہ تعلیم یافتہ امیدواروں کے لیے عمر کی بالائی حد میں ایک سال، شہداء/جنگ کے دوران زخمی ہونے والوں کے لواحقین اور ڈرائیونگ لائسنس رکھنے والے افراد کے لیے عمر کی بالائی حد میں 2 سال تک کی رعایت

☆ 5 فٹ 6 انچ (167.5 cm)۔

☆ کلرک اور ٹیک: 5 فٹ 3 انچ (160 cm)۔

☆ ملٹری پولیس: 5 فٹ 8 انچ (173 cm) ترجیحاً 6 فٹ (182.5 cm)۔

☆ سوپر/سینٹری ورکر: 5 فٹ 3 انچ (160 cm) اور عمر 17 سے 35 سال۔

☆ شہداء اور جنگ کے دوران زخمی ہونے والوں کے لواحقین، بلوچستان، شمالی علاقہ جات، قبائلی اضلاع سے تعلق رکھنے والوں کے لیے خصوصی رعایت ہے۔ اس کے علاوہ ریٹائرڈ اور حاضر سروس فوجی افراد کے بچوں کے لیے بھی عمر کی بالائی حد میں رعایت ہے۔

تعلیمی قابلیت

جونیئر کمیشنڈ آفیسرز (نائب خطیب)

☆ دینی مدرسے سے درس نظامی جو کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن سے تصدیق شدہ ہو۔

☆ پاکستان کے کسی تعلیمی بورڈ سے کم از کم ایف اے/ایف ایس سی یا مساوی۔

☆ روزمرہ امور کے متعلق عربی بول چال میں مہارت، قرأت اور حفظ اضافی قابلیت تصور کی جائے گی۔

سپاہی

☆ میٹرک پاس سے زیادہ۔

☆ کلرک: انٹرمیڈیٹ پاس سے زیادہ (کمپیوٹر ڈپلومہ رکھنے والے اور اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد کو ترجیح دی جائے گی)۔

☆ ٹیک: مڈل پاس سے زیادہ۔

☆ سوپر/سینٹری ورکر: ناخواندہ (زیادہ سے زیادہ تعلیم پرائمری)۔

☆ انجینئروں کے لیے مخصوص کور۔

ضروری کاغذات جونیئر کمیشنڈ آفیسرز (نائب خطیب) سپاہی

☆ [illegible]

☆ ڈومیسائل اور باشندہ ریاست سرٹیفکیٹ (آزاد کشمیر والوں کے لیے)۔

☆ چار عدد پاسپورٹ سائز تصاویر۔

☆ تمام کاغذات، تعلیمی اسناد اور دستاویزات کی اعلیٰ سرکاری افسر سے تصدیق ہونی چاہیے۔

انتخابی طریقہ کار برائے جونیئر کمیشنڈ آفیسرز

☆ جونیئر کمیشنڈ آفیسرز (نائب خطیب) کے لیے امیدوار اپنی درخواستیں مجوزہ فارم پر اپنی اسناد کی تصدیق شدہ نقول کے ہمراہ آرمی سلیکشن اور ریکروٹمنٹ سنٹر جہاں امیدوار امتحان دینا چاہتے ہیں مورخہ 01 اکتوبر سے 30 اکتوبر 2020 تک جمع کرائیں۔ درخواستوں کے لیے فارم آرمی سلیکشن اور ریکروٹمنٹ سنٹرز (کوئٹہ، کراچی، حیدر آباد، پنوں عاقل، ملتان، فیصل آباد، لاہور، راولپنڈی، پشاور، مظفر آباد، گلگت، خضدار اور ڈی آئی خان) سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ نامکمل درخواست قابل قبول نہ ہوگی۔

سپاہی کے لیے امیدوار 01 اکتوبر سے 30 اکتوبر 2020 تک اپنی رجسٹریشن انٹرنیٹ کے ذریعے www.joinpakarmy.gov.pk پر کرا سکتے ہیں۔

تاہم سپاہی کے لیے انٹرنیٹ (آن لائن) رجسٹریشن ضروری نہیں ہے۔ امیدوار 01 اکتوبر سے 30 اکتوبر 2020 تک قریبی آرمی سلیکشن اور ریکروٹمنٹ آفس اور متعلقہ سنٹر پر جا کر بھی رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔

مزید تفصیلات، دوران ملازمت مراعات، انتخابی طریقہ کار کے متعلق جاننے کے لیے قریبی آرمی سلیکشن اور ریکروٹمنٹ آفس اور متعلقہ سنٹر پر رابطہ کریں یا ہماری ویب سائٹ www.joinpakarmy.gov.pk دیکھیں۔